اخبار الجامعۃ والجماعۃ:

جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات 20 رجب بمطابق 14 جولائی بروز منگل سے شروع ہو کر 21 رجب بمطابق 15 جولائی بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ یاد رہے کہ شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن استاذ القراء حضرت قاری محمد ادریس عاصم لاہوری ہیں۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 28 رجب بمطابق 22 جولائی بروز بدھ شروع ہو کر 6 شعبان بمطابق 30 جولائی اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ وفاق المدارس کے امتحانات یکم اگست بروز ہفتہ شروع ہوں گے۔ ان شاء اللہ

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چوتھی سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 16 مئی بروز ہفتہ بعد نماز مغرب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چوتھی سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ خطیب مسجد ھذا نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے شیر ربانی حضرت مولانا عبد العلیم یزدانی خطیب جھنگ اور حضرت مولانا قاری عبد الرحیم ساجد خطیب سرگودھا نے بڑا ہی جاندار اور شاندار خطاب کیا اور قاری عبد الوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں مقامی لوگوں کے علاوہ جہلم، ڈھوک صوبیدار، گوجر خان، ڈھوک امب اور دوسرے علاقوں سے کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔

مسجد نور الاسلام اہل حدیث توحید آباد (بھیلووال) میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 21 مئی بروز جمعرات مسجد نور الاسلام اہل حدیث میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر ہوا۔ جس میں مہمانِ خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا محمد شہباز خطیب جامع مسجد دار السلام اہل حدیث بھیلووال نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے حضرت مولانا عبد الباسط شیخوپوری اور حضرت مولانا سید عبد الغفور شاہ حافظ آبادی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ جلسہ تکمیل پذیر ہوا۔

جامع مسجد ابو بکرؓ حدیث ڈھوک جمعہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 25 مئی بروز سوموار جامع مسجد ابو بکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ جناب محمود مرزا جہلمی مہمان خصوصی تھے۔ جلسہ سے حضرت مولانا سیف اللہ خالد چتروڑ گڑھی اور حضرت مولانا قاری عبد الرحیم ساجد نے خطاب کیا۔ شاعر اسلام قاری عبد الوہاب صدیقی اور جناب غلام حسین مخلص نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے جلسہ تکمیل پذیر ہوا۔

وفیات:

عامر سلیم علوی کو صدمہ

اہل حدیث یوتھ فورس کے سرگرم کارکن جناب عامر سلیم علوی کے والد محمد سلیم علوی مورخہ 29 اپریل بروز بدھ وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نماز پنجگانہ کے پابند، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔